نیک اعمال جن سے جنت میں محل تیار ہوتے ہیں

خدا کا واسطہ دے کر صرف جنت مانگو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ کا واسطہ دے کر کوئی شے نہ مانگی جائے سوائے جنت کے۔

جنت کے آٹھ دروازے ہیں

جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔ سات بند ہیں ایک توبہ کے لئے کھولا ہوا ہے یہاں تک کے سورج مغرب سے طلوع ہو۔

جنت کا دروازہ کھٹکھٹایے گا۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جس شخص نے

لاالہ الا اللہ الملک الحق المبین

روزانہ سو مرتبہ پڑھا وہ محتاجی سے محفوظ رہے گا، قبر کی وحشت سے محفوظ رہے گا، غنا حاصل ہوگا اور اسی کے ساتھ جنت کا دروازہ کھٹکھٹایے گا۔

تین کاموں کا بدلہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ تین (عمل) ایسے ہیں جو شخص ان کو ایمان کے ساتھ لایا جنت جس دروازے سے چاہے گا داخل ہوگا اور جس حورعین کو طلب کرے گا عطاء کی جائے گی (۱) جس نے اپنے قرضخواہ کو اس کا قرض اکرام کے ساتھ ادا کیا، (۲) اپنے قاتل کو معاف کیا، (۳) اور ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ان میں سے ایک کام کرلے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان میں سے ایک کام کرلے تو بھی۔

جنت الفردوس مانگا کرو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ تم اللہ تعالیٰ سے فردوس مانگا کرو کیونکہ یہ جنت کا عمدہ حصہ ہے رہنے والے عرش کی چرچراہٹ سنیں گے۔

قصر عدن (دو کروڑ پچاس لاکھ حوریں)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کے جنت میں محل ہے جس کا نام عدن ہے اس کے گرد کئی گنبد ہیں اس کے پانچ ہزار دروازے ہیں اور ہر دروازے میں پانچ ہزار پاکیزہ عورتیں (حوریں) ہیں اس میں نبی یا صدیق یا شہید کے علاوہ کوئی داخل نہ ہو سکے گا۔

چاشت کی نماز

جس شخص نے نماز چاشت کی بارہ رکعات پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں سونے کا ایک محل بنائیں گے۔

جنات عدن (دس کروڑ حوریں)

حضرت عمرؓ نے منبر پر یہ آیت پڑھی (جنات عدن) پھر فرمایا کیا تمہیں معلوم ہے کہ جنت عدن کیا ہے؟ فرمایا جنت میں ایک محل ہے جس کے چار ہزار دروازوں کے پٹ ہیں، ہر دروازے میں پچیس ہزار حوریں ہیں۔ اس میں کوئی داخل نہیں ہوسکے گا مگر نبی۔ فرمایا اس قبر والے کیلئے مبارک ہو۔ حضور ﷺ کے روضہ مبارک کی طرف اشارہ کرکے فرمایا۔ یا صدیق داخل ہوگا (اس محل میں) حضرت ابوبکر کیلئے بھی مبارک ہو۔ یا شہید داخل ہوگا مگر عمر کیلئے شہادت کا رتبہ کہاں؟ پھر فرمایا وہ ذات جس نے مجھے (کفر کی) بدحالی سے نکالا، وہ اس پر قادر ہے کہ مجھے شہادت کا رتبہ عطا فرمائے۔

یاقوت کی چٹان (چار ارب نوے کروڑ حوریں)

حضرت کعبؓ فرماتے ہیں جنت میں یاقوت (کی ایک چٹان) ہوگی جس میں نہ شگاف ہوگا نہ کوئی جوڑ۔ جس میں ستر ہزار گھر ہوں ہر گھر میں ستر ہزار حوریں ہوں گی اس میں صرف نبی یا شہید یا امام عادل یا محکم فی نفسہ داخل ہوں گے۔

ورد کے انعام

لاالہ الااللہ، واللہ اکبر، وسبحان اللہ وبحمدہ، واستغفر اللہ، ولاحول ولا قوۃ الاباللہ، الاول والآخر والظاھر والباطن، وبیدہ الخیر یحیی ویمیت وھو علی کل شیء قدیر.

جو شخص ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھے گا، اس کی شیطان اور اس کے لشکر سے حفاظت کی جائے گی، اس کو اجر کا ایک قطار عطا کیا جائے گا، اس کے لئے جنت میں ایک درجہ بلند کیا جائے گا اس کی حور عین سے شادی کی جائے گی اور اگر اس دن (جس دن اس نے یہ وظیفہ پڑھا تھا) فوت ہوگیا اس کے لئے شہداء والی مہر لگادی جائے گی۔

سورہ دخان کی تلاوت کرنا

(حدیث) حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جو شخص جمعہ اور شب جمعہ میں سورۃ دخان کی تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل بناتے ہیں۔

جنت الفردوس میں رہائش

حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں جس شخص نے بہت ہی معمولی درجہ کی گذارے کی روزی پر بہترین صبر کا مظاہرہ کیا جہاں وہ شخص چاہے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائیں گے۔

جنت کے تینوں درجات میں محلات

(حدیث) جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

جو شخص جھوٹ کو چھوڑ دے اللہ تعالیٰ اس کے لئے سطح جنت میں ایک محل بنائیں گے اور جس نے جھگڑا کرنا چھوڑ دیا حالانکہ وہ حق پر تھا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کے درمیان میں ایک محل بنائیں گے اور جس کے اخلاق پاکیزہ ہوں گے اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کے اعلیٰ مقام میں محل بنائیں گے۔

یاقوت احمر کا محل

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد (فرمایا) جو شخص رمضان المبارک میں روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہر سجدہ کے بدلہ میں پندرہ سو نیکیاں لکھ دیتے ہیں اور اس کیلئے جنت میں سرخ یاقوت کا ایک محل بنا دیتے ہیں۔

نماز چاشت اور ظہر کی چار سنتیں

جس شخص نے نماز چاشت اور ظہر سے پہلے کی چار سنتیں ادا کیں اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل بنائیں گے۔

شہادت ملنے کا آسان طریقہ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو صدق دل سے خداوند تعالیٰ سے شہادت مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو شہداء کا مرتبہ عطا فرما دیتا ہے خواہ وہ اپنے بستر ہی پر مرے۔(1) (مسلم) (مشکوۃ، ج۲، ص۳۳۰)

دس مرتبہ (سورہ اخلاص) قل ھو اللہ احد

جو شخص دس مرتبہ (سورہ اخلاص) قل ھو اللہ احد پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل بنادیں گے، اور جو اس کو بیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں دو محل بنادیں گے، اور جو شخص اس کو تیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں تین محل بنادیں گے۔

بدھ، جمعرات، جمعہ، کا روزہ رکھنا

(حدیث) حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں محل بناتے ہیں۔

صلوۃ اوابین کی دس رکعات کا انعام

(حدیث) حضرت عبدالکریم بن حارثؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے مغرب اور عشاء کے درمیان کی دس رکعات (صلوۃ الاوابین) ادا کیں اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل تعمیر کرتے ہیں۔

یاقوت احمر یا زبرجد اخضر کا ایک محل

(حدیث) حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے رمضان کا کسی دن کا روزہ خاموشی اور سنجیدگی سے رکھا اللہ تعالیٰ اس کیلئے سرخ یاقوت یا سبز زبرجد سے جنت میں ایک محل بنائیں گے۔

نماز کی صف کا خلا پر کرنا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے نماز کی صف کا خلا پر کیا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں اس کی وج ہ سے ایک درجہ بلند کریں گے اور اس کیلئے جنت میں ایک محل بنائیں گے۔

جنت طلب کرنے کا انعام

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ جو مسلمان بھی اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جنت کا سوال کرتا ہے تو جنت کہتی ہے اے اللہ اس کو جنت میں داخل فرمادیں اور جو شخص اللہ کے ساتھ دوزخ سے پناہ پکڑے تین مرتبہ، تو دوزخ کہتی ہے اے اللہ اس کو دوزخ سے پناہ دیدے۔

مسجد بنانا

کیلئے جنت میں محل بنائیں گے۔

جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کیلئے مسجد تعمیر کی اللہ تعالیٰ اس